ہم پر دنیا وسیع کردی گئی، ہمیں تو ڈر ہے کہ کہیں دنیا ہی میں ہماری نیکیوں کا جلدی بدلہ تو نہیں دے دیا گیا

ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے پاس کھانا لایا گیا جب کہ آپ روزے سے تھے آپ نے فرمایا: مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ شہید کر دیے گئے اور وہ مجھ سے بہتر تھے ان کے کفن کے لیے صرف ایک چادر میسر آئی، جس سے اگر ان کا سر ڈھانپا جاتا توان کے پیر کھل جاتے اور اگر پیر ڈھانپے جاتے تو سر کھلا رہ جاتا پھر ہمارے لیے دنیا فراخ کردی گئی جو تم دیکھ رہے ہو، یا یہ فرمایا: ہمیں دنیا اتنی عطا کردی گئی ہے جو ظاہر ہے ہمیں تو ڈر ہے کہ کہیں دنیا ہی میں ہماری نیکیوں کا جلدی بدلہ تو نہیں دے دیا گیا؟ پھر رونے لگے یہاں تک کہ کھانا بھی چھوڑ دیا

[صحیح] [اسے امام بخاری نے روایت کیا ہے]

حدیث کا مفہوم: عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ ایک دن روزے سے تھے جب افطار کا وقت آیا تو ان کے لئے کھانا لایا گیا روزے دار کو عام طور پر کھانے کی چاہت ہوتی ہے لیکن عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے اولین صحابہ کرام کے احوال کو یاد کیا عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ خود بھی اولین اور مہاجرین صحابہ میں سے تھے، لیکن انہوں نے اپنے آپ کو کم تر سمجھتے ہوئے فرمایا کہ: مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ تواضع اور انکسارِ نفس میں مجھ سے بہتر تھے، یا وہ فقر اور صبر کو اختیار کرنے کے اعتبار سے مجھ سے بہتر تھے ورنہ علماء نے اس بات کی تصریح کی ہے کہ عشرہ مبشرہ (انہیں میں سے عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ بھی ہیں) باقی صحابہ سے افضل ہیں مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ اسلام لانے سے قبل اپنے والدین کے ساتھ مکہ میں رہتے تھے اور ان کے والدین بہت مالدار تھے ان کے ماں باپ انہیں نو جوان لڑکوں کے بہترین لباس پہناتے تھے انہوں نے بہت لاڈ پیار سے انہیں پالا تھا، لیکن جب وہ اسلام لائے تو والدین نے انہیں چھوڑ دیا اور اپنے سے دور کردیا یہ مہاجرین میں سے تھے، ان کے بدن پر پیوند لگے کپڑے رہتے تھے، جب کہ پہلے یہ اپنے والدین کے ساتھ مکہ میں بہترین کپڑے پہنا کرتے تھے، لیکن انہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی خاطر ہجرت کرکے یہ سب چیزیں چھوڑ دیں اُحد کے دن نبی ﷺ نے انہیں جھنڈا دیا اور وہ اس میں شہید ہوگئے ان کے پاس ایک چادر تھی، اس سے جب ان کا سر ڈھانپا جاتا تو کپڑا چھوٹا ہونے کی وجہ سے ان کے پیر نظر آتے، اور اگر ان کے پیر ڈھانپے جاتے تو سر کھل جاتا تو آپ ﷺ نے حکم دیا کہ اس سے ان کا سر ڈھانپ دیا جائے اوران کے پیر اذخر گھاس سے ڈھانپ دیے جائیں اذخر ایک معروف گھاس ہے حدیث مذکور میں عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ ان کا حال یاد فرما رہے ہیں پھر فرماتے ہیں کہ وہ لوگ چلے گئے اور ان کے بعد کے لوگوں پر اللہ نے جو دنیا کے مال وغنیمت کی فراخی کردی ہے اس سے وہ لوگ محفوظ ہوگئے ﷺ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿وَمَغَانِمَ كَثِيرَةً يَأْخُذُونَهَا﴾ ”اور بہت سی غنیمتیں جنہیں وہ حاصل کریں گے“ پھر عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ”ہمیں اس بات کا خوف ہے کہ کہیں دنیا ہی میں ہماری نیکیوں کا جلدی بدلہ تو نہیں دے دیا گیا؟“ یعنی ہمیں خوف ہے کہ کہیں ہم ان لوگوں کے زمرے میں تو نہیں داخل ہوگئے جن کے بارے میں کہا گیا ہے: ﴿مَّن كَانَ يُرِيدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهُ فِيهَا مَا نَشَاءُ لِمَن نُّرِيدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهُ جَهَنَّمَ يَصْلَاهَا مَذْمُومًا مَّدْحُورًا﴾ ”جس کا ارادہ صرف اس جلدی والی دنیا (فوری فائدہ) کا ہو اسے ہم یہاں جس قدر جس کے لئے چاہیں سردست دیتے ہیں، بالآخر اس کے لیے ہم جہنم مقرر کردیتے ہیں جہاں وہ برے حالوں دھتکارا ہوا داخل ہوگا“ یا جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے: ﴿أَذْهَبْتُمْ طَيِّبَاتِكُمْ فِي حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُم بِهَا﴾ ”تم نے اپنی نیکیاں دنیا کی زندگی میں ہی برباد کر دیں اور ان سے فائدہ اٹھا چکے“ جیسا کہ عمر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے ان سب کی وجہ سے جب ان پر خوف غالب رہتا تھا تو آپ رضی اللہ عنہ کو ڈر لاحق ہوا کہ کہیں ان کی نیکیوں کا بدلہ انہیں دنیا ہی میں جلدی نہ دے دیا گیا ہو اسی لیے وہ اس خوف اور خدشے سے رونے لگے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ پہلے نیک لوگوں کے ساتھ شامل نہ ہوسکیں پھر آپ رضی اللہ عنہ نے کھانا چھوڑ دیا